Bank Alfalah

## Terms and Conditions شرائط و ضوابط

# (SMS Banking Facility)

( ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت )

1. In these Terms and Conditions, the following terms shall have the following meanings:

1۔ ان شرائط و ضوابط میں مندرجہ ذیل شرائط کے معنی یہ ہیں :

**'Bank'** means any branch/office in Pakistan of 'Bank Alfalah Limited', in which the Customer/entity's Account or relationship is maintained.

'بینک' سے مراد پاکستان میں "بینک الفلاح لمیٹڈ" کی برانچ/آفس ہے جس میں صارف / ادارے کا اکاؤنٹ / کاروباری تعلق موجود ہو۔

**'Customer'** means the person(s)/entity that holds an Account or relationship with the Bank.

'صارف' سے مراد وہ شخص یا ادارہ ہے جس کا بینک میں اکاؤنٹ /کاروباری تعلق موجود ہے ۔

**'SMS Banking Facility'** means the customised messages (i.e. Short Messaging Service ('SMS')/text) sent by the Bank to the Customer's mobile phone number/cell phone number, which is registered with the Bank by the Customer for SMS Banking Facility. These SMS shall contain any Credit or Debit in the Account or spending on Card of the Customer.

'ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت' سے مراد کسٹمائزڈ پیغامات ہیں ( یعنی : شارٹ میسیجنگ سروس ('ایس ایم ایس') / ٹیکسٹ ) جو بینک کی طرف سے صارف کے موبائل نمبر پر بھیجے جاتے ہیں ، وہ موبائل نمبر جو بینک کے پاس صارف نے ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کے لیے رجسٹر کروایا ہو ۔ یہ ایس ایم ایس اکاؤنٹ میں ہونے والے ٹرانزیکشنز جیسے ڈیبٹ یا کریڈٹ کی اطلاع دیں گے یا صارف کی طرف سے کارڈ کے ذریعے خرچ ہونے والی رقم سے مطلع کریں گے ۔

**'MNP'** means any Mobile Number Portability/Cellular Services Providers through whom the Customer may receive SMS and/or the Bank shall send the SMS.

'ایم این پی' سے مراد موبائل نمبر پورٹیبلیٹی / سیلولر سروس پروائڈر ہے جس کے ذریعے صارف ایس ایم ایس وصول کرسکتا ہے اور / یا بینک ایس ایم ایس بھیج سکتا ہے ۔

**'Telco'** means the Mobile Service Provider i.e. Mobilink, Warid, Zong, Telenor, Ufone.

'ٹیلکو' سے مراد موبائل سروس پروائڈر ہے جیسے موبی لنک ، وارد ، زونگ ، ٹیلی نار ، یوفون ۔

**'Service Provider(s)'** definition includes but is not limited to Telco or MNP, any organisations or individuals whose Services used/utilised by the Bank in relation to provide the SMS Banking Facility in any capacity.

'سروس پروائڈر ( پروائڈرز )' اس میں شامل ہیں لیکن محدود نہیں ، ٹیلکو یا ایم این پی ، کوئی بھی ادارہ یا فرد جس کی سروسز ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے بینک استعمال کرے ۔

2. The Customer irrevocably authorises the Bank to debit his/her Bank Accounts or Credit Card in relation to SMS Banking Facility related charges (as described in the Schedule of the Charges of the Bank from time to time) which have been prescribed by him/her at the time of registration for all transactions/services undertaken using SMS Banking Facility.

2۔ صارف غیر تنسیخی طور پر بینک کو اختیار دیتا ہے کہ بینک ، ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کے حوالے سے تمام چارجز ( جیسا کہ وقتاً فوقتاً بینک کے شیڈول آف چارجز میں بیان کیے گئے ہیں ) کے لیے اُس کے بینک اکاؤنٹ یا کریڈٹ کارڈ سے رقم منہا کرلے جو کہ صارف نے رجسٹریشن کے وقت ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کو استعمال کرنے کے حوالے سے تمام ٹرانزیکشنز / سروسز کے لیے بیان کیا تھا ۔

3. The Customer agrees that the SMS Banking Facility entitles and obliges him/her to use only a mobile phone SIM card registered in his/her name with the Service Provider and undertakes to use the SMS Banking Facility only through the registered mobile number, which has been used to register for the SMS Banking Facility.

3۔ صارف متفق ہے کہ ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کے استعمال کے لیے سروس پروائڈر کے پاس اس کے نام سے رجسٹر سم کارڈ ہواور اقرار کرتا ہے کہ وہ ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کا استعمال بینک کے پاس رجسٹر شدہ موبائل نمبر سے کرے گا ۔

4. The Customer shall bear all responsibility for safety and security of the registered SIM Card and the mobile phone using the SIM Card, all messages to and from the Bank by using the SIM Card, in addition to all information as to SMS Banking Facility, which may be stored in the mobile phone used by the Customer.

4۔ صارف ، رجسٹر شدہ سم کارڈ اور موبائل فون کی حفاظت کی ذمہ داری لے گا جس میں بینک کے میسیجز آتے ہوں ، مزید یہ کہ ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت سے متعلق تمام معلومات جو اس فون میں محفوظ کی گئی ہوں ۔

5. The Bank reserves the rights to offer the SMS Banking Facility to only those Customers who are availing service of a specific Service Provider. The Bank also has the right to decline the SMS Banking Facility to a Customer, who does not wish to use the SIM Card of a Telco designated by the Bank.

5۔ بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ صرف اُن صارفین کو ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت فراہم کرے جو مخصوص سروس پروائڈر کی سروس حاصل کررہے ہیں ۔ بینک یہ بھی اختیار رکھتا ہے کہ وہ کسی ایسے صارف کو ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت فراہم کرنے سے انکار کردے جو بینک کی مقرر کردہ ٹیلکو کا سم کارڈ استعمال نہیں کرنا چاہتا ہے ۔

6. The Customer shall be required to acquaint himself with the process for using the SMS Banking Facility and the Bank shall not be responsible for any error made by the Customer while using the facility.

6۔ صارف کو ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کے استعمال سے واقفیت حاصل کرنا ہوگا اور سہولت کے استعمال کے دوران صارف سے کی گئی کسی بھی غلطی کے لیے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا ۔

7. The transactional details will be recorded by the Bank and these records will be regarded as conclusive proof of the authenticity and accuracy of transactions, in the event of any dispute arising out of or related to the SMS Banking Facility.

7۔ ٹرانزیکشن کی تفصیلات بینک کی طرف سے ریکارڈ کی جائیں گی اور ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کے حوالے سے کسی بھی متنازعے کی صورت میں یہ ریکارڈز، ٹرانزیکشنز کے تصدیقی ثبوت کے طور پر پیش کیے جائیں گے۔

8. The Bank shall make all reasonable efforts to ensure that the Customer information is kept confidential.

8۔ بینک تمام تر کوششیں کرے گا اس بات کا یقین دلانے کے لیے کہ صارف کی معلومات خفیہ رکھی گئی ہیں ۔

However, the Bank shall not be responsible for any inadvertent divulgence or leakage of confidential Customer information for reasons beyond the control of the Bank through the SMS Banking Facility. The Bank shall bear no responsibility of any kind for any unauthorised third party access to information by illegal means, such as, hacking at the end of the Customer, etc.

تاہم ، ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کے ذریعے لاپرواہی کے نتیجے میں صارف کی معلومات کے افشاء ہونے کا بینک ذمہ دار نہیں ہوگا ، ایسی صورت جو بینک کے کنٹرول سے باہر ہو ۔ غیر قانونی طریقے جیسے ہیکنگ اور اس کے نتیجے میں کسی بھی غیر مجاز تیسرے فریق کی معلومات تک رسائی حاصل ہوجائے ، ان سب کے لیے بینک ہرگز ذمہ دار نہیں ہوگا ۔

9. The Bank may, at its discretion, withdraw temporarily or terminate the SMS Banking Facility, either wholly or in part, at any time without giving prior notice to the Customer and without assigning any reasons. The SMS Banking Facility may be suspended for any maintenance or repair work, or in case of any emergency or for security reasons. The Bank shall endeavour to give a reasonable notice for withdrawal or termination of the SMS Banking Facility, but shall not be responsible and/or liable if any such notice is not given

9۔ بینک اپنی صوابدید پر ، صارف کو اطلاع کیے بغیر اور کوئی وجہ بتائے بغیر، کسی بھی وقت ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کو مکمل یا جزوی ، عارضی طور پر واپس لے سکتا ہے یا ختم کرسکتا ہے ۔ ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کو کسی بھی میٹیننس کے کام یا کسی ہنگامی صورت حال یا تحفظاتی وجوہات کے لیے معطل کیا جاسکتا ہے ۔ بینک ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کو روکنے یا ختم کرنے کے حوالے سے مناسب اطلاع دینے کی کوشش کرے گا لیکن اطلاع نہ دینے پر ذمہ دار / جوابدہ نہیں ہوگا ۔

Bank Alfalah

10. The processing of registration of SMS Banking Facility shall require a maximum of 5 (five) working days from the date of submission of duly filled registration form meeting all requirements. The Bank reserves the right to seek additional documents/information from the Customer, which the Customer must provide, failing to which the SMS Banking Facility may not be registered or suspended or terminated by the Bank.

10. ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کے رجسٹریشن کے عمل کے لیے باقاعدہ پُر کردہ رجسٹریشن فارم بمع تمام درکار دستاویزات جمع کروانے کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ پانچ کاروباری دن درکار ہونگے۔ بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ صارف سے مزید اضافی دستاویزات / معلومات طلب کرے جو کہ صارف کو لازمی فراہم کرنا ہوگا، عدم فراہمی کی صورت میں بینک کی طرف سے ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت رجسٹر نہ ہوسکے گی یا معطل کی جاسکتی ہے یا ختم کی جاسکتی ہے۔

11. The Customer hereby, agrees to abide by, without need of notice and express consent, any and all future modifications, innovations, amendments or alterations to these Terms and Conditions made by the Bank from time to time.

11. ان شرائط و ضوابط میں بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً کی گئی کسی بھی یا مستقبل میں تمام ترامیم، تجدید، تبدیلیوں یا تبادلوں سے صارف بغیر کسی اطلاع یا منظوری کے، ان کا پابند رہنے سے متفق ہے۔

12. The Customer hereby agrees that in case there is any change in the registered mobile number of the Customer, the Customer shall immediately inform the Bank in this regard. Such information shall be conveyed by the Customer by calling the customer service helpline at 021-111-225-111 or contacting account-handling branch.

12. صارف متفق ہے کہ اگر صارف کا رجسٹر شدہ موبائل نمبر تبدیل ہوتا ہے تو صارف بینک کو اس کی فوری اطلاع دے گا۔ یہ معلومات صارف کسٹمر سروس ہیلپ لائن 111-225-111-021 یا اکاؤنٹ ہینڈلنگ برانچ پر رابطہ کر کے دے گا۔

13. In case of any change of registered mobile phone number of the Customer or if the registered mobile phone number is lost/stolen, the Customer shall inform the Bank immediately to stop the SMS Banking Facility until the new mobile phone number is registered with the Bank. The Customer shall have no claim and shall indemnify the Bank against any harm/loss/damage suffered in case the Customer fails to immediately inform the Bank of any change in registered mobile phone number of the Customer, or if the registered mobile phone number is lost/stolen.

13. اگر رجسٹر شدہ موبائل نمبر میں کوئی تبدیلی آتی ہے یا وہ چوری / گم ہوجاتا ہے تو صارف ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کو روکنے کے لیے فوری طور پر بینک کو مطلع کرے گا جب تک کہ وہ بینک کو نیا موبائل نمبر رجسٹر نہ کروا دے۔ اگر صارف کے رجسٹر شدہ موبائل نمبر میں کوئی تبدیلی آتی ہے یا وہ گم / چوری ہو جاتا ہے اور صارف بینک کو اطلاع دینے میں ناکام ہو جاتا ہے تو ایسی صورت میں ہونے صارف کوئی دعویٰ نہیں کرے گا اور ہونے والے کسی بھی نقصان کے لیے بینک کی تلافی کرے گا۔

14. The Customer accepts that the Bank shall not be responsible for any errors, which may occur in spite of the steps taken by the Bank to ensure the accuracy of the information through SMS Banking Facility, and the Customer shall not have any claim against the Bank in an event of any loss/damage suffered by the Customer as a consequence of an inaccurate information provided by the Bank.

14. صارف قبول کرتا ہے کہ بینک کسی بھی غلطی کے لیے کوئی ذمہ داری نہیں لے گا، باوجود اس کے کہ ایس ایم ایس بینکنگ کی سہولت کے ذریعے معلومات کی درستگی کو یقینی بنانے کے لیے بینک کی طرف سے اہم اقدامات لیے گئے ہوں اور بینک کی طرف سے غلط معلومات فراہم کرنے پر صارف کو ہونے والے نقصان کی صورت میں صارف بینک کے خلاف کوئی دعویٰ نہیں کرے گا۔

15. In case of any discrepancy in the Balance or credit/debit amount, Customer should contact their concerned branch or call contact centre of the Bank.

15. بیلنس یا کریڈٹ / ڈیبٹ کی رقم میں کسی بھی تضاد کی صورت میں صارف کو اپنی متعلقہ برانچ یا بینک کے کونٹیکٹ سینٹر پر رابطہ کرنا ہوگا۔

16. Pull SMS

16. پُل ایس ایم ایس

a. Pull SMS (Branch Customers): Through Pull SMS service, SMS Banking Customer can check their account balance and Mini Statement by sending a pre-defined text to 8287 (network charges may apply). Information about Customer's Credit Card can also be fetched using this service along with Orbit points. This service is only applicable to Pakistan numbers. Customer can also recharge/pay the bill of their registered mobile number by sending a pre-defined text to 8287. Through this feature, the Customer can pay the bill of registered mobile number against their account (this Service shall be subject to charges as per Schedule of Charges of the Bank).

a) پُل ایس ایم ایس (برانچ کی صارفین): پُل ایس ایم ایس سروس کے ذریعے ایس ایم ایس بینکنگ کے صارفین، پہلے سے تجویز کردہ ٹیکسٹ لکھ کر 8287 پر بھیج کر اپنے اکاؤنٹ کا بیلنس اور منی اسٹیٹمنٹ چیک کرسکتے ہیں (نیٹ ورک چارجز لاگو ہوسکتے ہیں)۔ اس سروس کو استعمال کرتے ہوئے صارف کے کریڈٹ کارڈ سے متعلق معلوموت کو بھی آربٹ پوائنٹس کے ساتھ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ یہ سروس صرف پاکستان کے نمبرز کے لیے قابل اطلاق ہے۔ صارف، پہلے سے تجویز کردہ ٹیکسٹ لکھ کر 8287 پر بھیج کر اپنے رجسٹر موبائل نمبر کو ری چارج / بل ادا کرسکتا ہے۔ اس خصوصیت کے ذریعے صارف اپنے اکاؤنٹ سے اپنے رجسٹر شدہ موبائل نمبر کا بل بھی ادا کرسکتا ہے (یہ سروس بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق چارجز سے مشروط ہوگی)۔

b. Pull SMS (Credit Card Only Customers): Through Pull SMS service, SMS Banking Customer can check their Credit Card Information and Mini Statement by sending a pre-defined text to 8287 (network charges may apply). They can also fetch the information about Orbits points. This service is only applicable to Pakistan numbers. Customer can also recharge/pay the bill of their registered mobile number by sending a pre-defined text to 8287. Through this feature, the Customer can pay the bill of registered mobile number against their Credit Card. Further, the Customer can pay their Credit Card bill through Bank Alfalah account, if it exists (this Service shall be subject to charges as per Schedule of Charges of the Bank).

b) پُل ایس ایم ایس (صرف کریڈٹ کارڈ کے صارفین): پُل ایس ایم ایس سروس کے ذریعے ایس ایم ایس بینکنگ کے صارفین، پہلے سے تجویز کردہ ٹیکسٹ لکھ کر 8287 پر بھیج کر اپنے کریڈٹ کارڈ کی معلومات اور منی اسٹیٹمنٹ چیک کرسکتے ہیں (نیٹ ورک چارجز لاگو ہوسکتے ہیں) وہ آربٹ پوائنٹس کی معلومات بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ سروس صرف پاکستان کے نمبرز کے لیے قابل اطلاق ہے۔ صارف، پہلے سے تجویز کردہ ٹیکسٹ لکھ کر 8287 پر بھیج کر اپنے رجسٹر موبائل نمبر کو ری چارج / بل ادا کرسکتا ہے۔ اس خصوصیت کے ذریعے صارف اپنے کریڈٹ کارڈ سے اپنے رجسٹر شدہ موبائل نمبر کا بل بھی ادا کرسکتا ہے۔ مزید یہ کہ، صارف بینک الفلاح اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے کریڈٹ کارڈ بل کی ادائیگی بھی کرسکتا ہے، اگر اکاؤنٹ بینک میں موجود ہو (یہ سروس بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق چارجز سے مشروط ہوگی)۔

17. International SMS: If Customer wishes to avail SMS Banking on international numbers, the Customer is required to visit their parent branch, fill the form with their international number (in ICC format: +9715XXXXXXXX) and submit the same to the parent branch of the Bank. Such Customers may receive SMS Banking from senders other than 8287. Customer is also required to visit the parent branch, fill the form and submit to the branch for updating his/her number when he/she wishes to update his local (i.e. Pakistan number) (this Service shall be subject to charges as per Schedule of Charges of Bank).

17. بین الاقوامی ایس ایم ایس: اگر صارف بین الاقوامی نمبرز پر ایس ایم ایس سروس حاصل کرنا چاہتا ہے تو صارف کو اپنی بنیادی برانچ پر تشریف لاکر اپنے بین الاقوامی نمبرز (آئی سی سی فارمیٹ میں: +9715XXXXXXXX) کے ساتھ فارم پُر کرنا ہوگا اور اسے بینک کی اسی بنیادی برانچ میں جمع کروانا ہوگا۔ ایسے صارفین 8287 کے علاوہ دیگر بھیجنے والے نمبرز سے بھی ایس ایم ایس بینکنگ حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر صارف اپنا مقامی نمبر (پاکستان کا نمبر) اپ ڈیٹ کروانا چاہتا ہے تو اسے اپنے نمبر کو اپ ڈیٹ کروانے کے لیے بینک کی بنیادی برانچ پر تشریف لاکر فارم پُر کرکے اسے اسی برانچ میں جمع کروانا ہوگا۔ (یہ سروس بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق چارجز سے مشروط ہوگی)۔

Bank Alfalah

18. Multi-language: Customer can also avail SMS Banking in language other than English by filling out a form mentioning their preferred language to receive transactional SMS Banking or by contacting call centre of the Bank and requesting the same in writing to the parent branch (this Service shall be subject to charges as per Schedule of Charges of the Bank and availability of the Language). Currently, this service is only available to branch banking customer.

18۔ ملٹی لینگوئج : صارف انگریزی کے علاوہ کسی دیگر زبان میں بھی ایس ایم ایس بینکنگ سروس حاصل کرسکتا ہے جس کے لیے اسے اپنی ترجیحی زبان میں ٹرانزیکشنل ایس ایم ایس بینکنگ کے حصول کے لیے فارم پُر کرنا ہوگا یا بینک کے کال سینٹر پر رابطہ کرنا ہوگا یا اپنی بنیادی برانچ پر تحریری درخواست دینا ہوگا (یہ سروس بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق چارجز اور زبان کی دستیابی سے مشروط ہوگی)۔ فی الحال یہ سروس صرف برانچ بینکنگ کے صارفین کے لیے دستیاب ہے۔

19. For security purpose, it is advised that Customer removes all critical information received from Bank via SMS on his/her handset to avoid any unauthorised use of information. All transactional details, including but not limited to Account Balance, Mini Statement, Credit Card inquiry, Orbit points inquiry, bill payment, etc., protection of such information is Customer's responsibility.

19۔ تحفظ کے مقصد کے لیے، یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ صارف اپنے ہینڈ سیٹ پر بینک کی طرف سے بذریعہ ایس ایم ایس وصول ہونے والی تمام اہم معلومات کو ہٹا دے تاکہ کسی بھی غیر مجاز استعمال سے بچا جا سکے۔ تمام ٹرانزیکشنل تفصیلات بشمول لیکن محدود نہیں، اکاؤنٹ بیلنس، منی اسٹیٹمنٹ، کریڈٹ کارڈ انکوائری آربٹ پوائنٹس انکوائری، بل کی ادائیگی، وغیرہ کی حفاظت کا ذمہ دار خود صارف ہے۔

20. These Terms and Conditions are in addition to and form an integral part of the regular Terms and Conditions of account opening and its maintenance

20۔ یہ شرائط و ضوابط، اکاؤنٹ کھولنے اور اسے چلانے کی عمومی شرائط و ضوابط کے علاوہ ہیں اور اس کا ایک ضروری حصہ ہیں۔

21. These Terms and Conditions shall be governed and construed in accordance with the laws of Islamic Republic of Pakistan whose courts shall be courts of competent jurisdiction and all other rules and regulations as applicable on the Bank.

21۔ مذکورہ بالا شرائط و ضوابط اسلامی جمہوریہ پاکستان کی قوانین کے مطابق منظم اور ترتیب دی گئی ہیں، جس کی عدالتیں مجاز دائرۂ اختیار رکھتی ہیں اور تمام اصول اور ضوابط بینک پر قابلِ اطلاق ہیں۔

Accepted and Acknowledged.
قبول اور تسلیم کیا گیا۔

____________________
Signature
دستخط

Name ____________________ Account No. ____________________
نام / اکاؤنٹ نمبر

| **Witness** گواہ | **Witness** گواہ |
|---|---|
| Name ________________ نام | Name ________________ نام |
| CNIC No. [ ][ ][ ][ ][ ] - [ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ] - [ ] سی این آئی سی نمبر | CNIC No. [ ][ ][ ][ ][ ] - [ ][ ][ ][ ][ ][ ][ ] - [ ] سی این آئی سی نمبر |